RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۲۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ ذیحجہ ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۳ جون ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	روبکار حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم متعلق اہتمام اسلحہ خانہ [illegible] محفوظ اللہ خانصاحب	۱ و ۲
۲	حکم اجلاس کامل اضافہ [illegible]	۲
۳	روبکار صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر متعلقہ [illegible]	۳
۴	روبکارات صاحب ریونیو ممبر بہادر متعلقہ مولوی تفضل حسین نائب منصرم [illegible]	۳
۵	متعلقہ [illegible] اجلاس	۴
۶	روبکار حضور پرنور دام اقبالہم بابت تعطیل عرفہ عید الضحی	ضمیمہ
۷	روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر بابت [illegible]	
۸	روبکار کمیٹی میونسپل پور و تحصیل [illegible]	
۱۲ ۹	نقشہ جات [illegible] نقشہ [illegible]	

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم پریزیڈنٹ ریاست رامپور۔

واقع ۲۲ مئی ۱۸۹۵ء

اسلحہ خانہ خاص اور سپورٹس وغیرہ کا اہتمام اب تک محفوظ اللہ خانصاحب کے زیر نگرانی تھا چونکہ وہ سررشتہ آڈٹ کی افسری پر مامور کیے گئے مناسب ہے کہ صیغہ ہای مذکورہ کے واسطے علحدہ بندوبست کیا جاے اس لیے تجویز کیا جاتا ہی کہ اسپورٹس بکلہ صاحبزادہ کپتان سرفراز علیخان بہادر کے تعلق اور سارتس رودم و شاگرد پیشہ و اصطبل [illegible] کی نگرانی

کپتان محمد فیض بخش خان صاحب کے اہتمام مین ہاور سلحہ خانہ خاص ... محمد مبارک علی خان بہادر کے تعلق کیا جاوے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک نقل درج گزٹ ہوکر سررشتہ سے اطلاعات مناسبہ جاری ہون۔

حکم اجلاس کامل واقع ۲۰ مئی ۱۸۹۵ء

صاحب یونیو ممبر بہادر کی تحریک دربارۂ اضافہ دیو بفصد بحضور پرنس جناب نواب صاحب بہادر ان کونسل پیش ہوئی۔ اوس کام پر جو دیوان فصد سے متعلق ہے سررشتہ آڈٹ کے تعلقات امانت بھی اضافہ کر دیے گئے ہیں مناسب ہے کہ بجلدوے حسن کارگذاری و اضافہ تعلقات اونکو پچاس روپیہ ماہوار مین ابتداے جون ۱۸۹۵ء علاوہ تنخواہ مقررہ اور دیا جاوے کونسل باتفاق راے اس اضافہ کو منظور کرتی ہے اور نسبت توسیع میعاد خدمات علحدہ درخواست اس تصریح کے ساتھ آنا چاہیے کہ میعاد منظور شدہ سابق کی تاریخ ختم ہو گئی۔

مسل بغرض اجراے احکام ضابطہ اجلاس صاحب یونیو ممبر بہادر مین بھیجی جاے

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب اجلاس پریزیڈنٹ بہادر

دستخط صاحب یونیو ممبر بہادر — دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم صاحب یونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام ضابطہ جاری ہون ۲۹ مئی ۱۸۹۵ء

روبکار اجلاس صاحب اجلاس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۸ مئی ۱۸۹۵ء

بابو بانکے بہاری لال پاٹھک کو مبلغ چالیس روپیہ کتب خانہ سے ملتے تھے جو بوجہ نکل جانے کام کتب خانہ کے بند ہو گئے بر بناے سفارش صاحب رزیڈنٹ بہادر پولیٹکل افسر در باب ترقی تنخواہ ہیڈ کلرک مذکور نوٹ اجلاس عالیہ کونسل مین ۱۳ مئی ۱۸۹۵ء کو پیش ہوکر تجویز ہوئی کہ اگر بابو بانکے بہاری لال صرف ہیڈ کلرکی کا کام کرین تو مبلغ اسی روپیہ تنخواہ اونکو ملے گی اور اگر محافظ دفتری رزیڈنسی کا کام بھی انجام دین تو مبلغ سو روپیہ ماہوار اونکو ملینگے اس تجویز کی اطلاع پر صاحب رزیڈنٹ بہادر کی تحریر جوابی نمبری $\frac{۴۷۵}{۱۹-۱\text{ الف}}$ مورخہ ۱۷ مئی ۱۸۹۵ء موصول ہوئی کہ بابو بانکے بہاری لال کو کام محافظ دفتری کا منظور ہے سو روپیہ ماہوار تنخواہ پاوینگے اور چونکہ اونکی تنخواہ ۱۶ مارچ ۱۸۹۵ء سے روکی رہ گئی ہے لہذا اوسی تاریخ سے رقم اضافہ ملنا چاہیے

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ نسبت اضافہ تنخواہ پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ ہیڈ کلرکی و پچیس روپیہ تنخواہ محافظ دفتری کل چالیس روپیہ مین ابتداے ۱۶ مارچ ۱۸۹۵ء حسب تحریر صاحب رزیڈنٹ بہادر پولیٹکل افسر جاری ہون اب اونکو سو روپیہ پورے ملا کرینگے۔ درج گزٹ بھی ہو۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۲۲ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

مولوی تفضل حسین نائب منصرم نزول وگرد آوری آبکاری کا انتقال ہوگیا لہذا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

(۱) سید جعفر علی اہلمد بلاسپور باضافہ پانچ روپیہ ماہوار نائب منصرم نزول وگرد آوری آبکاری۔

(۲) فیاض علیخان اہلمد تحصیل ٹانڈہ باضافہ ایک روپیہ اہلمد بلاسپور۔

(۳) ننھا کرداس معاون اہلمد صدر تحصیل باضافہ ایک روپیہ ماہوار اہلمد تحصیل ٹانڈہ۔

(۴) رانجیت امیدوار بمشاہرہ ۔ ماہوار معاون اہلمد صدر تحصیل مقرر کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہون اور چونکہ اس انتظام مین بلحاظ تعداد مشاہرہ سابقہ ان اہلکاران کی بچت کچھ بچی اسواسطے سید فدا علی اہلمد اول اجلاس ہذا کو بوجہ کثرت کار متعلقہ انکے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ دیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

واقع ۲۲ مئی سنہ ۱۸۹۵ء

بزمانہ رخصت و علالت عبدالقادر اہلمد دوم اجلاس ہذا کو محمد علی معاون اہلمد ملازمان سے اجلاس ہذا مین کام لیا گیا اب چونکہ عبدالقادر کا انتقال ہوگیا اور ضرورت انتظام مستقل کی ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

محمد علی مذکور اپنی اوسی تنخواہ پر جو اب تک ملتی ہے بجگہ فدا علی اہلمد اول کے اجلاس مین منتقل کیا جاوے اور بجائے محمد علی کے صاحبزادہ برکت علیخان امیدوار بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار معاون اہلمد ملازمان مقرر کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہون۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم
واقع ۲ جون سنہ ۱۸۹۵ع

عید الضحیٰ کے واسطے عید سے ایام تشریق تک ریاست کے دفتروں میں تعطیل رہتی ہے مگر روز حج کو جو زیادہ متبرک اور مذہب ہمایون اسلام میں بہت بڑی عبادت کا دن ہے تعطیل دینے کا خیال نہیں کیا جاتا ہمارے نزدیک یہ روز مبارک تعطیل کے واسطے زیادہ ضروری ہے نویں ذی الحجہ یعنی عرفہ کے روز تعطیل رہنا چاہیے۔۔۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ سے احکام اطلاعی جاری اور ایک ایک نقل روبکار ہذا کی صاحبان کونسل اور نیز کل عدالتوں میں بھیجدی جاسے اور ایک نقل عام اطلاع کے واسطے درج گزٹ کی جاسے۔۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۲ جون سنہ ۱۸۹۵ع

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ ایک معاملہ کے متعلق متعدد اور بار بار اوسی مضمون کے عرائض جو ایک مرتبہ طے ہو چکا ہے مستغیث لوگ گذرانتے ہیں اور اس ذریعہ سے ہر مرتبہ عرضی گذرانے پر مثل برآمد ہوتی ہے اور عرصہ تک یہ سلسلہ منقطع نہیں ہوتا اور بالآخر وہی حکم صادر ہوتا ہے جو پہلے ہو چکا تھا اس کارروائی میں سوائے تضیع اوقات اور ابتری و طوالت کام کے کوئی نتیجہ نہیں معلوم ہوتا ہم اس خرابی کو رفع کرنا چاہتے ہیں اور تجویز کرتے ہیں کہ ہمیشہ ایسی عرائض کے ساتھ یعنی کہ جن میں ایک مرتبہ حکم ہو چکا ہے نقل تجویز یا حکم صادرہ بطور کاغذ ثبوت شامل ہونا چاہیے اور بلا شمول نقل تجویز ہرگز ایسی عرضی نہ لیجاسے اہلکاران اجلاس کو ہر وقت گذرنے عرائض کے اسکا لحاظ رہنا چاہیے۔۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا بغرض اعلان و اطلاع عام در عدالت پر چسپاں کیجاوے اور سررشتہ دار [illegible] کو واسطے عرائض نویسان کی اطلاع اور دستخط اطلاعیابی کے دیدیں روبکار ہذا درج گزٹ بھی ہووے۔۔

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

ملاحظہ ہوا درج گزٹ ہو - ۲۳ مئی ۱۸۹۵ء

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل بلاسپور منعقدہ ۵ مئی ۱۸۹۵ء

سید علی حیدر صاحب تحصیلدار صدر نشین کمیٹی

منشی غلام رسول خان نائب تحصیلدار سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱- محمد رفیع محرر صفائی -

غیر ملازمین

لالہ مادھو رام صاحب - ممبر - ملا محمد عظیم صاحب - ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- رپورٹ منشی میٹ صفائی بلاسپور کہ سے کاشی رام نے راستہ مین ٹھیکرے کلیون کے ڈالے ہین جسکی وجہ سے راستہ بہت غلیظ ہو گیا اور تعفن بھی آتا ہے یہ حفظ صحت کے بالکل خلاف ہے اسکی بابت انتظام مناسب ہونا چاہئے -	بالاتفاق تجویز ہوا کہ درحقیقت سے کاشی رام نے ٹھیکرے کلیون کے راستہ مین ڈالے ہین کہ جو بالکل مضر صحت ہے صاحب سکرٹری کمیٹی سے کاشی رام کو بلا کر ہدایت اور فہمایش مناسب کر دین کہ ٹھیکرے کلیون کے وہان نہ ڈالے -
۲- نوٹ محرر صفائی بلاسپور کہ محلہ کہاران مین جاروب کشی نہین ہوتی ہے جسکی وجہ سے محلہ غلیظ رہتا ہے اہل محلہ بہت شاکی ہین انتظام ہونا چاہئے	بالاتفاق تجویز ہوا کہ محرر صفائی اس خاکروب سے کہ جو اس علاقے مین کام کرتا ہے اس محلہ کا بھی کام صفائی لین چونکہ یہ محلہ قریب بازار ہے اسمین جاروب کشی ہونا ضرور ہے - صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا -
۳- رپورٹ منشی میٹ ملازم صفائی بلاسپور کہ سے کاشی رام کے بابچہ کا پانی ہر وقت راستہ مین بہتا ہے سے کاشی رام کو جو ہدایت صفائی بابچہ کی گئی تو انہون نے کہا کہ ہم ہر روز خاکروب کو اجرت	بالاتفاق تجویز ہوا کہ ذریعہ محرر صفائی لالہ کاشی رام کو ہدایت ہو کہ وہ صفائی بابچہ کا انتظام کرین اور نیز ہر روز خاکروب کو محرر صفائی روبرو صاحب سکرٹری کمیٹی پیش کرین - صاحب سکرٹری کمیٹی تنبیہ مناسب کر دینگے

صفائی کا معقول بندوبست نہیں ہے اور صراحت نہیں کرتا۔ اسکی بابت انتظام ہونا مناسب ہے	صاحب صدر نشین نے بھی قبول و منظور کیا۔
۴۔ سے چبوترہ بریجن نے راستہ میں اپنے پیش دروازہ جدید چبوترہ بنایا ہے جس سے راستہ بہت تنگ ہو گیا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ لالہ مادھو رام ممبر میونسپل بورڈ اور محرر صفائی موقع دیکھیں اگر چبوترہ جدید ہے فوراً قطع کرادیں۔ صاحب صدر نشین نے منظور کیا۔
۵۔ رپورٹ مستری ملازم صفائی بابت چوکی کہ سے شب لال پٹواری مرزا پور سکنہ بابت چوکی نے اپنے مکان کے روبرو جب راستہ سرکاری پر گڑھا کیا ہے اور زمین سے مٹی لیکر اپنا مکان تعمیر کیا ہے اسکی بابت انتظام ہونا چاہیئے۔	بالاتفاق تجویز ہوا کہ درحقیقت سے شب لال نے جب راستہ گڑھا کیا ہے اور کوئی اجازت وغیرہ حاصل نہیں کی اول صاحب سکرٹری کمیٹی موقع دیکھیں بعدہٗ شب لال پٹواری کا جواب لیا جاوے اور کمیٹی آیندہ میں پیش کیا جاوے۔ اوسیوقت تجویز مناسب کیجاویگی۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور درمیان ابتدای ۲۷ مئی لغایت ۲ جون ۱۸۹۵ء

[illegible]	تفصیل پیدائش							تفصیل موت										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے دس سال تک		۱۰ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلم	ہنود	مسلم	ہنود		مسلم	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلم	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۱	۱	۱	۱	۴	۲	۲	۱۱	۹	۱۰	۱	۸	۱۰	۲۰	۱۲۴	۲۳	۱۱	۰	۰	۰	۳۳	۳۳	۰
شاہ آباد	۸	۱۰	۴	۱۲	۳۴	۱۳	۲۲	۱۳	۹	۲	۱	۷	۲	۲۱	۱۳	۶	۲۶	۰	۰	۲۰	۱۳	۳۳	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۳	۳	۳	۰	۶	۰	۰	۰	۶	۶	۰
ٹانڈہ	۱	۱	۳	۲	۷	۲	۳	۰	۰	۲	۲	۰	۲	۲	۲	۳	۳	۰	۰	۰	۲	۶	۰
میزان	۱۰	۱۲	۸	۱۵	۴۵	۱۸	۲۷	۲۳	۱۱	۵	۴	۱۹	۱۷	۴۶	۳۲	۳۱	۴۷	۰	۰	۲۰	۵۹	۶۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور درمیان ابتدای ۲۷ مئی لغایت ۲ جون ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گیہوں	۰	۱۵ ار	۰	۱۶ ار	۱۷ ار	۱۶ ار	حضور تحصیل و ملک سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۲۰ ار	۰	۱۸ ار	۲۰ ار	۱۹ ار	
نخود گندم آمیز	۰	۲۱ ار	۰	۳۰ ار	۲۳ ار	۲۲ ار	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۹ ار	۰	۸ ار	۱۰ ار	۹ ار	
مونگ	۰	۱۱ ار	۰		۰	۰	
مکا	۰	۰	۰		۰	۰	
جنی	۰	۲۵ ار	۰	۰	۳ ار	۳۰ ار	
گوجنی	۰	۱۶ ار	۰	۲۲ ار	۲۴ ار	۱۹ ار	
عدس	۰	۲۰ ار	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۲۵ ار	۰	۰	۰	۳۰ ار	
برنج	۰	۰	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۰	
روغن زرد	۰	۱ ار	۰	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
روغن سیاہ	۰	۱۲ ار	۰	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	
روغن کنجد	۰	۶ ار	۰	۰	۰	۲ ار	
نمک سانبھر	۰	۹ ار	۰	۸ ار	۸ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۴ ار	۰	۰	۹ ار	۸ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور